فارسی قاعِدہ

مولانا مفتی محمد عبدالرشید فتح پوری

مَکتبۂ قادِریّہ ○ لاہور

فارسی قاعِدہ

مولٰنا مفتی محمّد عبدالرشید فتحپوری
شاگرد صدر الشریعۃ مولانا امجد علی اعظمی قدس سرہما

مکتبہ قادریّہ
○ جامعہ نظامیہ رضویہ اندرون لوہاری گیٹ لاہور
○ داتا دربار مارکیٹ (نزد مستا ہوٹل) لاہور

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

بِاسْمِهٖ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰی   حَامِدًا وَّمُصَلِّیًا وَّمُسَلِّمًا

ابتدائی باتیں

از حمد باری، مؤلفہ مولانا عبدالسمیع بیدل رامپوری مؤلف انوار ساطعہ

وقت جو موجود ہے وہ حال ہے — گذرا ماضی، آتا استقبال ہے
فعل اپنا نام وہ پا جائے گا — اُس کے اندر جو زمانہ آئے گا
جمع جس میں حال و استقبال ہو — وہ مضارع ہوتا ہے اے نیک خو
امر کیا ہے؟ چاہنا اِک کام کا — منع کرنا نہی ہے اے باصفا
جو کرے اِک کام فاعل اس کو جان — فعل واقع جس پہ ہو مفعول مان
کلمہ سے کلمہ جو پیدا تم کرو — اشتقاق اس کا ہے نام اے نیک خو
صیغے نکلیں جس سے مصدر اسکو جان — اس کے آخر دن ہو یا تن اے جوان
نون کو جب دور مصدر سے کیا — ماضیِ مطلق کا صیغہ بن گیا
ماضیِ مطلق پہ جب ہے اَست — بنتی ہے ماضی قریب اے حق پرست
بُود جب ماضی پہ آیا اے سعید — یاد رکھ وہ بن گئی ماضی بعید
آئے جب ماضی پہ باشد اے ہمام — احتمالی اور شکیہ ہو نام
مل کے مے اوّل، ہو ماضی ناتمام — جو ہے استمراری نزد خاص و عام
ماضی کے آخر میں مے آئے اگر — ہو تمنائی بلا خوف و خطر
یاد رکھ اِن دونوں ماضی کا اثر — ہو دیں مستعمل بجائے یک دگر
ہے یہ مستقبل بنانے کا طریق — ماضی پہ خواہد لگا دے اے رفیق

پر مضارع کا نہیں اے باوفا — کوئی مستحکم قیاسی قاعدا
ہاں پتہ آخر کا ہے یہ یاد رکھ — دال ساکن اُس کے اول ہو زبر
گر بنانا حال چاہے اے اخی — مے مضارع پر لگا دے یا ہمی
امر حاضر کا سُنو اب قاعدا — حرفِ آخر دو مضارع سے گرا
بے[1] بھی آ جاتی ہے زائد امر پہ — بَر بِبَر، بِشکن شکن، بگذر گذر
بے کے بدلے امر پر گر میم ہو — نہی بن جاتی ہے سُن اے نیک خو
اسم فاعل کا بنانا ہو اگر — امر پر لفظ ندہ ایزاد کر!
لائے ہوز ماضی مطلق پہ لا — اسم مفعول اس طرح بن جائے گا
اِن ضروری قاعدوں کو یاد کر — اور خدا کی یاد سے دل شاد کر

اصطلاحات

صیغہ - لفظ کو کہتے ہیں -
واحد - ایک کو -
جمع - ایک سے زیادہ کو
غائب - جو سامنے موجود نہ ہو -
حاضر - جو سامنے موجود ہو
متکلم - بات کرنے والا -
زمانہ - وقت کو کہتے ہیں - زمانہ کی تین قسمیں ہیں - ماضی - حال - مستقبل
ماضی - گزرا ہوا زمانہ
حال - موجودہ زمانہ
مستقبل - آنے والا زمانہ
فعل - فعل کام کو کہتے ہیں جس سے زمانہ ظاہر ہو -

فاعل - کام کرنے والے کو -
مفعول - جس پر فعل واقع ہو -
لازم - وہ ہے جو فاعل پر پورا ہو جائے جیسے زید گیا
متعدی - وہ ہے جو فاعل اور مفعول دونوں سے مل کر پورا ہو - جیسے زید نے بکر کو دیا -
معروف - وہ ہے جس کا کرنے والا معلوم ہو - جیسے زید نے پالا -
مجہول - وہ ہے جس کا کرنے والا معلوم نہ ہو جیسے زید پالا گیا -
مثبت - وہ ہے جس سے ہونا یا کرنا سمجھا جائے جیسے کھایا
منفی - وہ ہے جس سے نہ ہونا یا نہ کرنا سمجھا جائے جیسے نہیں کھایا -

[1] امر کا پہلا حرف مضموم ہو تو با مضموم جیسے بگذر ورنہ مکسور جیسے بِبَر، بِشکن

سبق (۱)

مصدر کا بیان

مصدر وہ ہے جس سے دوسرے لفظ بنیں، فارسی میں مصدر کے آگے دَن، یا تَن ہوتا ہے۔ جیسے پَروَردن (پالنا)، گفتن (کہنا)[1]

مصدر سے جو فعل نکلتے ہیں اُن کی چھ قسمیں ہیں۔ ماضی[۱]، مضارع[۲]، حال[۳]، مستقبل[۴]، اَمر[۵]، نہی[۶]۔ پھر ان میں سے ہر ایک کے چھ صیغے ہیں۔ واحد غائب۔ جمع غائب، واحد حاضر، جمع حاضر، واحد متکلم، جمع متکلم۔

ہر صیغے کی علامت نیچے کے نقشے سے معلوم کریں۔ تنبیہ۔ علامت کے تمام حروف ساکن ہوتے ہیں۔ دو ہوں خواہ ایک۔

صیغوں کی علامت کا نقشہ

صیغہ	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
علامت	تْ، دْ	نْدْ	یْ	یْدْ	مْ	یمْ
مثال	گفت پَرورد	پَروردند	پَروردی	پَروردید	پَروردم	پَروردیم

سوالات

(۱) گردن مصدر ہے یا نہیں اگر نہیں تو کیوں حالانکہ آخر میں مصدر کی علامت دن موجود ہے

(۲) گفت میں تمام صیغوں کی علامتیں ملاؤ۔

(۳) خوردم کیا صیغہ ہے۔

(۴) جمع حاضر کی علامت بتاؤ۔

(۵) گفت سے جمع متکلم کا صیغہ بناؤ۔

(۶) خوردند کیا صیغہ ہے۔

(۷) گوید میں کون سی علامت ہے۔

[1] :۔ اُردو میں مصدر کے آخر نا ہوتا ہے۔ جیسے لکھنا پڑھنا وغیرہ۔

سبق (۲) فعل ماضی کا بیان

فعل ماضی کی چھ قسمیں ہیں۔ ماضی مطلق، ماضی قریب، ماضی بعید، ماضی استمراری، ماضی احتمالی، ماضی تمنائی۔

ماضی مطلق

وہ ہے جس سے گزرے ہوئے زمانہ میں کیا ہوا کام سمجھا جائے اور یہ معلوم نہ ہو کہ اس کام کو ہوئے تھوڑا زمانہ گزرا ہے یا زیادہ۔

مصدر کے آخر سے ن اور اُس سے پہلے زبر کو گرا کر ماضی مطلق بناتے ہیں جیسے پَروَردَن سے پَرورد۔[1]

گردان ماضی مطلق معروف

صیغہ	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فارسی	پَرورد	پَروردند	پَروردی	پَروردید	پَروردم	پَروردیم
اُردو	اُس نے پالا	اُنھوں نے پالا	تُو نے پالا	تم نے پالا	میں نے پالا	ہم نے پالا

سوالات

(۱) ماضی مطلق کی تعریف کرو۔

(۲) ماضی مطلق بنانے کا قاعدہ بتاؤ۔

(۳) پَروردید کا ترجمہ کرو

(۴) گفت سے جمع متکلم کا صیغہ بناؤ

(۵) خوردی کیا صیغہ ہے۔

(۶) جمع غائب کی علامت بیان کرو۔

(۷) پَرورد سے واحد متکلم کا صیغہ کیا ہے۔

(۸) جمع حاضر کی پہچان کیا ہے۔

گفتن	شنیدن	نوشتن	خواندن	خوردن	نوشیدن
کہنا	سُننا	لکھنا	پڑھنا	کھانا	پینا

[1] :۔ اُردو میں ماضی مطلق بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مصدر کے آخر سے نا گرا کر دیکھیں اگر آخر میں الف یا واؤ رہے تو لفظ یا لگا دیں جیسے کھانا سے کھایا۔ دھونا سے دھویا اور اگر اُن کے علاوہ کوئی اور حرف ہو تو صرف الف بڑھا دیں جیسے پالنا سے پالا۔ البتہ جانا کی ماضی گیا آتی ہے۔

اُردو میں ترجمہ کرو

گفتم ، شُنیدی ، خوردند ، نوشیدید ، نوشت ، خواندیم
خوردی ، نوشیدم ، گفتند ، شُنیدید ، نوشتیم ، خواند

فارسی بناؤ

اس نے لکھا، میں نے پڑھا، تم نے کھایا، اُنہوں نے پیا، ہم نے سُنا، تو نے پالا، اُنہوں نے کہا، میں نے لکھا، تم نے پڑھا، اس نے پیا، تو نے کھایا، ہم نے کہا۔

سبق (۳) ماضی مجہول کا بیان

ماضی مجہول | وہ ہے جس سے گزرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے لیکن کرنے والا (فاعل) معلوم نہ ہو۔

ماضی معروف کے آخر میں ہ شد بڑھا کر ماضی مجہول بناتے ہیں۔ جیسے پرورد سے پرورده شُد[۱]۔ تنبیہ :- مجہول ہمیشہ فعل متعدی سے آتا ہے۔

گردان ماضی مطلق مجہول

صیغہ	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فارسی	پُرورده شد	پرورده شدند	پرورده شدی	پرورده شدید	پرورده شدم	پرورده شدیم
اُردو	وہ پالا گیا	وہ پالے گئے	تو پالا گیا	تم پالے گئے	میں پالا گیا	ہم پالے گئے

سوالات

(۱) ماضی معروف اور مجہول میں کیا فرق ہے۔
(۲) ماضی مجہول بنانے کا قاعدہ کیا ہے۔
(۳) گفتن سے ماضی مجہول کی گردان کرو۔
(۴) نوشتہ شدید کیا صیغہ ہے
(۵) ہم پالے گئے اس کی فارسی بناؤ۔
(۶) گفتہ شدید کا ترجمہ کرو۔
(۷) میں نے لکھا اس کی فارسی بناؤ۔
(۸) خورده شد کیا صیغہ ہے مع معنی بتاؤ۔

---

[۱] :- اُردو میں ماضی معروف کے آخر میں گیا زیادہ کرکے ماضی مجہول بناتے ہیں جیسے پالا سے پالا گیا۔

آراستن	بخشیدن	پسندیدن	نواختن	دادن	ستودن
سنوارنا	بخشنا	پسند کرنا	نوازنا	دینا	تعریف کرنا

اُردو میں ترجمہ کرو

آراستہ شدی ، بخشیده شدم ، پسندیده شدید ، نواختہ شدند ، ستوده شد ، داده شدیم
پسندیدم ، داده شدی ، نواختند ، آراستہ شدیم ، ستوده شد ، بخشیدید۔

فارسی بناؤ

میں نے دیا، وہ پسند کیا گیا، تم نے تعریف کی، ہم بخشے گئے ، تو نے سنوارا ، وہ نوازے گئے ، تم نے لکھا، وہ تعریف کیے گئے، ہم نے کہا ، تو بخشا گیا، اس نے پسند کیا ، میں دیا گیا۔

سبق (۴) ماضی منفی کا بیان

قاعدہ | مثبت کو اگر منفی بنانا ہو تو شروع میں نَ بڑھا دیا جائے۔ جیسے پَرورد سے نپرورد[۱]

گردان ماضی منفی معروف

صیغہ	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فارسی	نپرورد	نپروردند	نپروردی	نپروردید	نپروردم	نپروردیم
اُردو	اُس نے نہیں پالا	اُنہوں نے نہیں پالا	تو نے نہیں پالا	تم نے نہیں پالا	میں نے نہیں پالا	ہم نے نہیں پالا

گردان ماضی منفی مجہول

صیغہ	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فارسی	نپرورده شد	نپرورده شدند	نپرورده شدی	نپرورده شدید	نپرورده شدم	نپرورده شدیم
اُردو	وہ نہیں پالا گیا	وہ نہیں پالے گئے	تو نہیں پالا گیا	تم نہیں پالے گئے	میں نہیں پالا گیا	ہم نہیں پالے گئے

---

[۱] :- اُردو میں مثبت کے پہلے لفظ نہیں یا نہ لگا کر منفی بناتے ہیں جیسے پالا سے نہیں پالا یا نہ پالا۔

سوالات

(۱) منفی کی تعریف کرو۔
(۲) منفی بنانے کا قاعدہ بیان کرو۔
(۳) نزدادہ شدم کیا صیغہ ہے مع معنی بتاؤ۔
(۴) تم پسند نہیں کئے گئے اس کی فارسی بناؤ۔
(۵) نہ شنیدیم کیا صیغہ ہے۔
(۶) مثبت اور منفی میں کیا فرق ہے۔
(۷) پسندیدے سے ماضی منفی مجہول کی گردان کرو۔
(۸) گفت سے ماضی منفی معروف کی گردان بناؤ

آوردن	آمرزیدن	بُرداشتن	باریدن	پاشیدن	پیوستن
لانا	بخشنا	اُٹھانا	برسنا	پھڑکنا	ملانا

اُردو میں ترجمہ کرو

آوردہ شدند، آمرزیدہ شدید، نپاشیدہ شد، پیوستیم، نبارید، برداشتہ شدی، نشنیدید، آوردہ شد، نستودہ شدم، برداشتند، نگفتی، دادہ شدید۔

فارسی بناؤ

میں نے نہیں چھڑکا، انہوں نے ملایا، تم اُٹھائے گئے، وہ نہیں دیا گیا، ہم لائے، اُنہوں نے نہیں پیا، تو نے بخشا، ہم نے کہا، اُس نے سُنا، تم نے نہیں کھایا، میں نے تعریف کی، وہ نہیں پسند کئے گئے۔

سبق (۵) ماضی قریب کا بیان

ماضی قریب وہ ہے جس سے قریب کے گزرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے۔ ماضی مطلق کے آخر میں ہ است زیادہ کرکے ماضی قریب بناتے ہیں۔ جیسے پرورد سے پروردہ است[۱]

[۱]: اُردو میں ماضی مطلق کے آخر میں (ہے) زیادہ کرکے ماضی قریب بناتے ہیں جیسے پالا سے پالا ہے۔

گردان ماضی قریب معروف

صیغہ	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فارسی	پروردہ است	پروردہ اند	پروردۂ[۱]	پروردہ اید	پروردہ ام	پروردہ ایم
اُردو	اُسنے پالا ہے	انہوں نے پالا ہے	تو نے پالا ہے	تم نے پالا ہے	میں نے پالا ہے	ہم نے پالا ہے

گردان ماضی قریب مجہول

صیغہ	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فارسی	پروردہ شدہ است	پروردہ شدہ اند	پروردہ شدۂ	پروردہ شدہ اید	پروردہ شدہ ام	پروردہ شدہ ایم
اُردو	وہ پالا گیا ہے	وہ پالے گئے ہیں	تو پالا گیا ہے	تم پالے گئے ہو	میں پالا گیا ہوں	ہم پالے گئے ہیں

سوالات

(۱) ماضی مطلق اور ماضی قریب میں کیا فرق ہے۔
(۲) ماضی قریب بنانے کا کیا قاعدہ ہے۔
(۳) آلودہ شدۂ کیا صیغہ ہے۔
(۴) میں نے کہا ہے۔ اس کی فارسی بناؤ۔
(۵) آمرزیدہ شدہ اند کا ترجمہ کرو۔
(۶) وہ نوازے گئے ہیں۔ اس کی فارسی بناؤ
(۷) خواندہ اید کیا صیغہ ہے۔ مع معنی بتاؤ۔
(۸) ہم نے نہیں سُنا ہے۔ اس کی فارسی بناؤ

چشیدن	خفتن	رسیدن	شناختن	فرستادن	گریختن
چکھنا	سونا	پہنچنا	پہچاننا	بھیجنا	بھاگنا

اُردو میں ترجمہ کرو

گریختہ اند، فرستادہ شدہ اید، نخفتہ ام، چشیدہ ایم، نرسیدۂ، نشناختہ شد۔ آراستہ ام، نہ پسندیدۂ، بخشیدہ شدہ اند، ندادہ ایم، گفتہ اید، نشنیدہ است۔

[۱]: ہ پر ء لکھ کر ای پڑھتے ہیں۔

فارسی بناؤ

تم نے پہچانا ہے، میں نے نہیں بھیجا، اس نے لکھا ہے، تو نہیں نوازا گیا، ہم نے تعریف کی ہے، انہوں نے سُنا، تو نے نہیں دیا ہے، وہ پہچانے گئے ہیں۔ میں سویا ہوں، تم دیئے گئے ہو، وہ پہنچا ہے، ہم بھیجے گئے۔

سبق (۶) ماضی بعید کا بیان

ماضی بعید وہ ہے جس سے دور کے گذرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے ماضی مطلق کے آخر میں ہ بود بڑھا کر ماضی بعید بناتے ہیں۔ جیسے پرورد سے پرورده بود[1]

گردان ماضی بعید معروف

صیغه	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فارسی	پرورده بود	پرورده بودند	پرورده بودی	پرورده بودید	پرورده بودم	پرورده بودیم
اُردو	اُس نے پالا تھا	انہوں نے پالا تھا	تو نے پالا تھا	تم نے پالا تھا	میں نے پالا تھا	ہم نے پالا تھا

گردان ماضی بعید مجہول

صیغه	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فارسی	پرورده شده بود	پرورده شده بودند	پرورده شده بودی	پرورده شده بودید	پرورده شده بودم	پرورده شده بودیم
اردو	وہ پالا گیا تھا	وہ پالے گئے تھے	تو پالا گیا تھا	تم پالے گئے تھے	میں پالا گیا تھا	ہم پالے گئے تھے

سوالات

(۱) ماضی بعید کی تعریف کرو۔ (۲) ماضی بعید کیسے بنائی جاتی ہے۔

[1]:- اُردو میں ماضی مطلق کے آخر میں تھا زیادہ کر کے ماضی بعید بناتے ہیں۔ جیسے پالا سے پالا تھا۔

(۳) گفته بودم کیا صیغہ ہے مع معنی بتاؤ۔ (۶) نرسیده بودی کا ترجمہ کرو۔
(۴) میں نوازا گیا تھا۔ اس کی فارسی بناؤ۔ (۷) تم نہیں بھاگتے تھے اس کی فارسی بناؤ۔
(۵) ستوده شده بودید کیا صیغہ ہے (۸) آورده شده بودند کیا صیغہ ہے مع معنی بتاؤ

اندوختن	پرسیدن	خندیدن	درخشیدن	سپردن	فہمیدن
جمع کرنا	پوچھنا	ہنسنا	چمکنا	سونپنا	سمجھنا

اُردو میں ترجمہ کرو

خندیده بودی۔ سپرده شده بودم۔ نہ فہمیده اند۔ پرسیده شده بودید۔ درخشیده۔ اندوخته بودم۔ فہمیده شد۔ سپرده شده بودید۔ درخشیده اند۔ نخندیده بودم۔ اندوخته بودیم۔ پرسیده شده بودی۔

فارسی بناؤ

میں نے پہچانا تھا۔ وہ نہیں سمجھتے تھے۔ ہم نے نہیں بھیجا تھا۔ تم نے جمع کیا ہے۔ وہ چمکا۔ تو نہیں بھاگا۔ تم نے سونپا تھا۔ اُنھوں نے تعریف کی تھی۔ میں نے نہیں پسند کیا۔ تو نے نوازا ہے۔ ہم نے لکھا تھا۔ وہ نہیں دیا گیا۔

سبق (۷) ماضی استمراری کا بیان

ماضی استمراری وہ ہے جس سے گزرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کا پورا نہ ہونا سمجھا جائے۔ اسی لئے اس کو ماضی ناتمام بھی کہتے ہیں۔
ماضی مطلق کے پہلے می یا ہمی زیادہ کر کے ماضی استمراری بناتے ہیں۔ جیسے پَرورد سے می پَرورد[1]

گردان ماضی استمراری معروف

صیغه	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فارسی	می پرورد	می پروردند	می پروردی	می پروردید	می پروردم	می پروردیم
اُردو	وہ پالتا تھا	وہ پالتے تھے	تو پالتا تھا	تم پالتے تھے	میں پالتا تھا	ہم پالتے تھے

[1]:- اُردو میں مصدر کے آخر سے نا دور کر کے تا تھا لگا کر ماضی استمراری بناتے ہیں جیسے پالنا سے پالتا تھا۔

گردان ماضی استمراری مجہول

صیغہ	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فارسی	پرورده می شد	پرورده می شدند	پرورده می شدی	پرورده می شدید	پرورده می شدم	پرورده می شدیم
اُردو	وہ پالا جاتا تھا	وہ پالے جاتے تھے	تو پالا جاتا تھا	تم پالے جاتے تھے	میں پالا جاتا تھا	ہم پالے جاتے تھے

سوالات

(۱) ماضی استمراری مجہول میں لفظ می کہاں داخل کرتے ہیں۔
(۲) ماضی استمراری مجہول کی گردان بغیر معنی بناؤ۔
(۳) ماضی استمراری اور ماضی بعید میں کیا فرق ہے
(۴) ماضی استمراری بنانے کا قاعدہ بناؤ۔
(۵) می خفتی کیا صیغہ ہے معنی بناؤ۔
(۶) ہم بیچا جاتے تھے، اس کی فارسی بناؤ۔
(۷) شناخت سے ماضی استمراری معروف کی گردان کرو۔
(۸) آمرزیده می شدید کا ترجمہ کرو۔

استادن	نشستن	آمدن	رفتن	دویدن	جستن
کھڑا ہونا	بیٹھنا	آنا	جانا	دوڑنا	کودنا

اُردو میں ترجمہ کرو

می جستی۔ دویده بودند۔ می رفتم۔ نمی آمدید۔ می نشست۔ استاده بودیم۔ پرسیده می شدند۔ پرورده نمی شدند۔ آمرزیده شدهٔ۔ نمی خندیدم۔ می پاشید۔ شناخته نمی شدم۔

فارسی بناؤ

ہم آئے تھے۔ وہ بیٹھے تھے۔ تم دوڑتے تھے۔ وہ نہیں کودتا تھا۔ تو نہیں بیچا جاتا تھا۔ میں پہنچا تھا۔ اُس نے چھڑکا ہے۔ تم نے اُٹھایا تھا۔ میں ملاتا تھا۔ تو نہیں لایا تھا۔ ہم پڑھتے تھے۔ وہ نہیں لکھتے تھے۔

سبق (۸) ماضی احتمالی کا بیان

ماضی احتمالی وہ ہے جس سے گزرے ہوئے زمانہ میں کئے ہوئے کام کے اندر

شک سمجھا جائے اسی لئے اس کو ماضی شکی بھی کہتے ہیں۔
ماضی مطلق کے آگے ہ باشد بڑھاکر ماضی احتمالی بناتے ہیں۔ جیسے پرورد سے پرورده باشد۔[1]

گردان ماضی احتمالی معروف

صیغہ	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فارسی	پرورده باشد	پرورده باشند	پرورده باشی	پرورده باشید	پرورده باشم	پرورده باشیم
اُردو	اُسنے پالا ہوگا	انہوں نے پالا ہوگا	تونے پالا ہوگا	تم نے پالا ہوگا	میں نے پالا ہوگا	ہم نے پالا ہوگا

گردان ماضی احتمالی مجہول

صیغہ	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فارسی	پرورده شده باشد	پرورده شده باشند	پرورده شده باشی	پرورده شده باشید	پرورده شده باشم	پرورده شده باشیم
اُردو	وہ پالا گیا ہوگا	وہ پالے گئے ہونگے	تو پالا گیا ہوگا	تم پالے گئے ہوگے	میں پالا گیا ہوں گا	ہم پالے گئے ہونگے

سوالات

(۱) ماضی احتمالی کی تعریف کرو
(۲) نشست سے ماضی احتمالی مجہول کی گردان کرو۔
(۳) استاده باشند کیا صیغہ ہے نیز معنی بتاؤ۔
(۴) تم دیئے گئے ہوگے۔ اس کی فارسی بناؤ۔
(۵) پرسیده شده باشی کا ترجمہ کرو۔
(۶) میں نے تعریف کی ہوگی۔ اسکی فارسی بناؤ
(۷) رفت سے جمع متکلم ماضی احتمالی معروف کا صیغہ بناؤ
(۸) نگفته باشد کا ترجمہ کرو۔

آزاریدن	بریدن	شستن	طلبیدن	فروختن	خریدن
ستانا	کاٹنا	دھونا	بلانا	بیچنا	مول لینا

اُردو میں ترجمہ کرو

خریده باشید، فروخته بودم، طلبیده شده باشند، آزاریده بودی، می بریده، شسته ایم

[1] اُردو میں ماضی مطلق کے آخر ہوگا زیادہ کرکے ماضی احتمالی بناتے ہیں جیسے پالا سے پالا ہوگا۔

نشستہ باشند، نرفتہ بودم، ایستادہ اند، آوردہ شدہ باشید، طلبیدہ شدہ بودیم، نرسیدہ۔

فارسی بناؤ

انہوں نے سُنایا ہوگا۔ تم بلائے گئے تھے۔ میں نے مول لیا ہے۔ اُس نے بیچا ہوگا۔ ہم نہیں ستاتے تھے۔ تو نے اٹھایا تھا۔ میں بخشا گیا ہوں۔ وہ دیا گیا ہوگا۔ تم پسند کئے گئے ہو گے۔ ہم تعریف کرتے تھے۔ تو نوازا گیا تھا۔ وہ نہیں گئے ہوں گے

سبق (۹) ماضی تمنائی کا بیان

ماضی تمنائی وہ ہے جس سے گزرے ہوئے زمانے میں کسی کام کی آرزو سمجھی جائے ماضی مطلق کے آخر میں ے زیادہ کرکے ماضی تمنائی بناتے ہیں جیسے پرورد سے پروردے۔ [۱]

تنبیہ :- اس قاعدے کے مطابق صرف تین صیغے آتے ہیں۔ واحد غائب، جمع غائب، واحد متکلم باقی صیغوں میں ے ادا کرنا دشوار ہے۔ اس لئے اہلِ زبان ان سے کاشکہ [۲] لاتے ہیں۔

گردان ماضی تمنائی معروف

صیغہ	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فارسی	پروردے	پروردندے	کاشکہ پروردی	کاشکہ پروردید	پروردمے	کاشکہ پروردیم
اُردو	کاشکہ وہ پالتا	کاش کہ وہ پالتے	کاشکہ تو پالتا	کاش کہ تم پالتے	کاش کہ میں پالتا	کاشکہ ہم پالتے

گردان ماضی تمنائی مجہول

صیغہ	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فارسی	پروردہ شدے	پروردہ شدندے	کاشکہ پروردہ شدی	کاشکہ پروردہ شدید	پروردہ شدمے	کاشکہ پروردہ شدیم
اُردو	کاش کہ وہ پالا جاتا	کاشکہ وہ پالے جاتے	کاشکہ تو پالا جاتا	کاشکہ تم پالے جاتے	کاشکہ میں پالا جاتا	کاش کہ ہم پالے جاتے

[۱]:- اُردو میں مصدر کے آخر کا نا، تا سے بدل کر ماضی تمنائی بناتے ہیں جیسے پالنا سے پالتا۔ [۲]:- کیا اچھا ہوتا

سوالات

(۱) ماضی تمنائی کس طرح بنائی جاتی ہے۔

(۲) تین صیغوں میں ے کیوں نہیں آتی ہے۔

(۳) آوردے سے ماضی تمنائی معروف کی گردان کرو۔

(۴) بخشیدہ شدے کیا صیغہ ہے ساتھ ہی معنی بتاؤ۔

(۵) کیا اچھا ہوتا کہ تم پڑھتے۔ اس کی فارسی بناؤ۔

(۶) کاش کہ پسندیدہ شدی۔ کیا صیغہ ہے

(۷) کیا اچھا ہوتا کہ وہ تعریف کئے جاتے اس کی فارسی بناؤ۔

(۸) ماضی احتمالی اور تمنائی میں کیا فرق ہے۔

فرستادن	یافتن	دیدن	گماشتن	پرستیدن	آموختن
بھیجنا	پانا	دیکھنا	مقرر کرنا	پوجنا	سیکھنا

اُردو میں ترجمہ کرو

آموختمے، کاش کہ پرستیدید، گماشتہ شدندے، کاش کہ دیدیم، فرستادہ شدے، کاش کہ یافتی، پرسیدہ شدہ باشند، پسندیدہ شدمے، می آموختی، خواندہ بود۔ کاش کہ نوشتیم، نہ طلبیدندے۔

فارسی بناؤ

کیا اچھا ہوتا کہ ہم خریدتے، انہوں نے نہیں بیچا ہوگا۔ تم ستاتے تھے۔ کیا اچھا ہوتا کہ وہ بھیجتے۔ اُس نے بُلایا تھا۔ کیا اچھا ہوتا کہ تو آتا۔ ہم نے پوچھا ہے۔ کیا اچھا ہوتا کہ تم بُلائے جاتے۔ وہ پسند کیا گیا ہے۔ میں گیا تھا۔ کیا اچھا ہوتا کہ وہ لکھتے۔

سبق (۱۰) مضارع کا بیان

فعل مضارع وہ ہے جس سے زمانہ موجودہ یا آئندہ میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے۔ مضارع معروف بنانے کا کوئی خاص قاعدہ مقرر نہیں۔ اتنا سمجھ لینا چاہئے

کہ صیغہ واحد غائب کے آخر میں دؔ ساکن اور اس سے پہلے زبر ہوتا ہے۔ باقی صیغوں میں دال کی بجائے ان صیغوں کی علامتیں ہوتی ہیں۔

مضارع مجہول، ماضی مطلق کے آخر میں ہؔ شود زیادہ کر کے بناتے ہیں۔ جیسے پَرورد سے پَرورده شود۔ [۱]

گردان مضارع معروف

صیغہ	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فارسی	پرورد	پرورند	پروری	پرورید	پرورم	پروریم
اُردو	وہ پالے	وہ پالیں	تو پالے	تم پالو	میں پالوں	ہم پالیں

گردان مضارع مجہول

صیغہ	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فارسی	پرورده شود	پرورده شوند	پرورده شوی	پرورده شوید	پرورده شوم	پرورده شویم
اُردو	وہ پالا جائے	وہ پالے جائیں	تو پالا جائے	تم پالے جاؤ	میں پالا جاؤں	ہم پالے جائیں

سوالات

(۱) مضارع کی تعریف کرو۔
(۲) مضارع کی کیا پہچان ہے۔
(۳) آورد سے مضارع کی گردان سناؤ۔
(۴) آوریم کا ترجمہ کرو۔
(۵) مضارع معروف و مجہول میں کیا فرق ہے۔
(۶) میں پالا جاؤں۔ اس کی فارسی بناؤ۔

---

[۱] اُردو میں مصدر کے نا کی جگہ ے لگا کر مضارع بناتے ہیں۔ جیسے پالنا سے پالے۔ یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ وہ پالتا ہے یا پالے گا۔ (زمانہ موجودہ یا آئندہ ہیں)

(۷) آورید کیا صیغہ ہے۔
(۸) پَرورده شوند کا ترجمہ کرو۔

گوید	خواند	نویسد	خورد	نوشد	بخشد
کہے	پڑھے	لکھے	کھائے	پیئے	بخشے

اُردو میں ترجمہ کرو

بخشیده شوی، نخورید، نویسم، خوانی، گفته شوند، نوشید، نخورند، بخشیده شویم۔ نہ نوشد، گویم، نوشته شوی، آورد۔

فارسی بناؤ

وہ بخشے جائیں، میں پڑھوں، تم لکھو، وہ نہ ستایا جائے، ہم بلائے جائیں، لائے، وہ کھڑا کیا جائے، ہم نہ کہیں، تم کھاؤ، وہ پئیں، میں نہ پہچانا جاؤں، وہ بخشیں۔

سبق (۱۱) حال کا بیان

فعل حال وہ ہے جس سے زمانہ موجودہ میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے۔ مضارع سے پہلے می یا ہمی لگا کر حال بناتے ہیں۔ جیسے پَرورد سے می پرورد یا ہمی پرورد [۱]

فائدہ:۔ حال مجہول میں شود سے پہلے می یا ہمی لگاتے ہیں۔ جیسے پرورده می شود۔

---

[۱] :۔ اُردو میں مصدر کے نا کو دور کر کے تا ہے لگا کر حال بناتے ہیں جیسے پالنا سے پالتا ہے۔

گردان حال معروف

صیغہ	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فارسی	می پرورد	می پرورند	می پروری	می پرورید	می پرورم	می پروریم
اُردو	وہ پالتا ہے	وہ پالتے ہیں	تو پالتا ہے	تم پالتے ہو	میں پالتا ہوں	ہم پالتے ہیں

گردان حال مجہول

صیغہ	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فارسی	پرورده می شود	پرورده می شوند	پرورده می شوی	پروردہ می شوید	پرورده می شوم	پرورده می شویم
اُردو	وہ پالا جاتا ہے	وہ پالتے جاتے ہیں	تو پالا جاتا ہے	تم پالتے جاتے ہو	میں پالا جاتا ہوں	ہم پالتے جاتے ہیں

سوالات

(۱) حال مجہول بنانے کا قاعدہ بتاؤ۔
(۲) آوردسے حال معروف کی گردان سناؤ
(۳) آوردہ می شوند کا ترجمہ کرو۔
(۴) تم پالتے ہو۔ اس کی فارسی بناؤ
(۵) ہمی پروریم کیا صیغہ ہے۔ اور معنی بتاؤ۔
(۶) میں پالا جاتا ہوں۔ اس کی فارسی بناؤ۔
(۷) طلبیدن سے حال مجہول کی گردان کرو۔
(۸) می گوئی کیا صیغہ ہے۔

اُردو میں ترجمہ کرو

می گویم، پرورده می شوند، نمی خواند، طلبیده شوید، نمی خوریم، می نوشی آزاردیده، می شوید، می پروری، بخشیده می شوم، نمی نوشند شناختہ نمی شود۔

فارسی بناؤ

وہ پڑھتا ہے۔ تو پالا جاتا ہے۔ میں نہیں پیتا ہوں۔ تم کھاتے ہو۔ ہم نہیں ستائے جاتے ہیں۔ تو کہتا ہے۔ وہ بخشے جاتے ہیں۔ میں لکھتا ہوں۔ تم نہیں بُلائے جاتے ہو۔

سبق (۱۲) مستقبل کا بیان

فعل مستقبل وہ ہے جس سے زمانہ آئندہ میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے۔
ماضی سے پہلے لفظ خواہد لگاکر مستقبل بناتے ہیں۔ جیسے پرورد سے خواہد پرورد۔[۱]
فائدہ۔ مجہول میں شد سے پہلے لفظ خواہد آتا ہے۔ جیسے پرورده خواہد شد۔ نیز تمام صیغوں کی علامتیں لفظ خواہد میں داخل کی جاتی ہیں۔ جیسا کہ گردانوں سے ظاہر ہے۔

گردان مستقبل معروف

صیغہ	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فارسی	خواہد پرورد	خواہند پرورد	خواہی پرورد	خواہید پرورد	خواہم پرورد	خواہیم پرورد
اُردو	وہ پالے گا	وہ پالیں گے	تو پالے گا	تم پالو گے	میں پالونگا	ہم پالیں گے

گردان مستقبل مجہول

صیغہ	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فارسی	پرورده خواہد شد	پرورده خواہند شد	پرورده خواہی شد	پرورده خواہید شد	پرورده خواہم شد	پرورده خواہیم شد
اُردو	وہ پالا جائیگا	وہ پالے جائینگے	تو پالا جائیگا	تم پالے جاؤگے	میں پالا جاؤنگا	ہم پالے جائینگے

سوالات

(۱) فعل مستقبل کی تعریف کر
(۲) مستقبل مجہول میں لفظ خواہد کہاں آتا ہے

[۱]: اُردو میں مضارع کے آخر گا بڑھاکر مستقبل بناتے ہیں جیسے پالے سے پالے گا۔

(۳) صیغوں کی علامتیں کس جگہ داخل کیجاتی ہیں۔ (۴) گفت سے مستقبل معروف کی گردان سناؤ۔
(۵) خواہیم آورد کیا صیغہ ہے (۶) خواہید رفت کا ترجمہ کرو۔
(۷) پرسید سے مستقبل مجہول کی گردان کرو۔ (۸) پبردہ خواہی شد کیا صیغہ ہے مع معنی بتاؤ۔

اُردو میں ترجمہ کرو

خواہیم آمد، خواہید رفت، طلبیدہ خواہند شد، نخواہی گفت، بخشیدہ خواہم شد۔ پرسیدہ خواہد شد، خواہند باشید، آمرزیدہ خواہید شد، خواہم آورد، نخواہی آمد۔

فارسی بناؤ

وہ لکھے گا۔ میں پڑھوں گا۔ تم بلائے جاؤ گے۔ ہم لائیں گے۔ وہ نہیں کھائیں گے تو پٹے گا۔ وہ پسند نہیں کئے جائیں گے۔ تم نوازو گے۔ ہم نہیں ستائیں گے۔ وہ تعریف کیا جائے گا۔

سبق (۱۳) امر کا بیان

فعل امر وہ ہے جس سے کسی کام کا حکم دیا جائے۔

مضارع سے پہلے بِ داخل کرکے امر بناتے ہیں اور واحد حاضر کے صیغہ سے یْ دُور کر دیتے ہیں[ا]

فائدہ:۔ کبھی غائب اور متکلم کے صیغوں میں بجائے بِ کے باید کہ لگا دیتے ہیں۔

فائدہ:۔ فعل پر جب بِ داخل ہو تو پہلا حرف دیکھیں اگر اس پر پیش ہو تو بِ کو بھی پیش پڑھیں ورنہ زیر اور جب اسم پر آئے تو ہمیشہ زیر پڑھیں۔

[ا]:۔ اُردو میں مضارع سے پہلے چاہئے کہ داخل کرکے امر بناتے ہیں۔ حاضر کے صیغوں میں اسکی بھی حاجت نہیں بلکہ واحد حاضر سے کے بھی گرا دیتے ہیں جیسے تو پالے سے تو پال۔

گردان امر معروف

صیغہ	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فارسی	باید کہ پرورد	باید کہ پرورند	بپرور	بپرورید	باید کہ پرورم	باید کہ پروریم
اُردو	چاہئے کہ وہ پالے	چاہئے کہ وہ پالیں	تو پال	تم پالو	چاہئے کہ میں پالوں	چاہئے کہ ہم پالیں

گردان امر مجہول

صیغہ	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فارسی	باید کہ پروردہ شود	باید کہ پروردہ شوند	پروردہ شو	پروردہ شوید	باید کہ پروردہ شوم	باید کہ پروردہ شویم
اُردو	چاہئے کہ وہ پالا جائے	چاہئے کہ وہ پالے جائیں	تو پالا جا	تم پالے جاؤ	چاہئے کہ میں پالا جاؤں	چاہئے کہ ہم پالے جائیں

سوالات

(۱) امر کس طرح بناتے ہیں (۵) باید کہ آوردہ شوند کیا صیغہ ہے اور معنی بتا[ؤ]
(۲) امر غائب اور حاضر میں کیا فرق ہے۔ (۶) چاہئے کہ وہ بلائے جائیں۔ اسکی فارسی بنا[ؤ]
(۳) امر کی بِ کو کہاں پیش اور زیر پڑھتے ہیں۔ (۷) بنویس کیا صیغہ ہے۔ ترجمہ کرو۔
(۴) اسم پر جو بِ آتی ہے اُسے کیا پڑھتے ہیں۔ (۸) تو پہچانا جا۔ اس کی فارسی بناؤ۔

اُردو میں ترجمہ کرو

باید کہ خوانند۔ بنویسید۔ باید کہ شناختہ شوم۔ بنوش۔ باید کہ خوریم۔ باید کہ طلبیدہ شوند۔ بخش۔ باید کہ آمرزیدہ شود۔ بگوئید۔ باید کہ خوانیم۔ باید کہ پسندیدہ شوند۔ بپرور۔

فارسی بناؤ

تم کھاؤ۔ چاہئے کہ ہم پئیں۔ چاہئے کہ وہ تعریف کیا جائے۔ تو پڑھ۔ چاہئے کہ وہ

لکھیں۔ چاہیئے کہ تم بھیجے جاؤ۔ چاہیئے کہ میں کہوں۔ چاہیئے کہ وہ مقرر کیا جائے۔ تم بخشو۔ چاہیئے کہ ہم پوچھے جائیں۔

سبق (۱۴) نہی کا بیان

فعل نہی وہ ہے جس میں کسی کام سے روکا جائے۔

امر غائب اور متکلم کے صیغوں میں بجائے بَ کے نَ اور حاضر کے صیغوں میں مَ لگا کر نہی بناتے ہیں۔ ؎۱

گردان نہی معروف

صیغہ	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فارسی	باید کہ نپرورد	باید کہ نپرورند	مپرور	مپرورید	باید کہ نپرورم	باید کہ نپروریم
اُردو	چاہیئے کہ وہ نہ پالے	چاہیئے کہ وہ نہ پالیں	تو نہ پال	تم نہ پالو	چاہیئے کہ میں نہ پالوں	چاہیئے کہ ہم نہ پالیں

گردان نہی مجہول

صیغہ	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فارسی	باید کہ نپرورده شود	باید کہ نپرورده شوند	پرورده مشو	پرورده مشوید	باید کہ نپرورده شوم	باید کہ نپرورده شویم
اُردو	چاہیئے کہ وہ نہ پالا جائے	چاہیئے کہ وہ نہ پالے جائیں	تو نہ پالا جا	تم نہ پالے جاؤ	چاہیئے کہ میں نہ پالا جاؤں	چاہیئے کہ ہم نہ پالے جائیں

سوالات

(۱) نہی کی تعریف کرو۔ (۲) نہی بنانے کا قاعدہ بیان کرو۔

؎۱ :- اُردو میں امر سے پہلے نہ لگا کر نہی بناتے ہیں۔ جیسے پال سے نہ پال۔

(۳) نہی کے کن کن صیغوں میں نَ اور کن میں مَ آتی ہے۔

(۴) نہی مجہول میں مَ کہاں داخل کرتے ہیں۔

(۵) مگوئید کیا صیغہ ہے۔ اور معنی بتاؤ۔

(۶) چاہیئے کہ وہ نہ تعریف کئے جائیں۔ اس کی فارسی بناؤ۔

(۷) شنیدن سے نہی مجہول کی گردان کرو۔

(۸) باید کہ نہ پسندیدہ شوند کا ترجمہ کرو۔

اُردو میں ترجمہ کرو

باید کہ نگوییم۔ باید کہ پرسیدہ شوند۔ مخواں۔ باید کہ نہ نوشیم باید کہ نخورد مپرورید باید کہ اندوختہ نشوند۔ باید کہ نہ بخشد۔ باید کہ طلبیدہ نہ شوند۔ مگو منویس۔

فارسی بناؤ

چاہیئے کہ ہم نہ کھائیں۔ چاہیئے کہ تم نہ پیو۔ چاہیئے کہ وہ نہ پلائے جائیں۔ چاہیئے کہ تو نہ بخشا جائے۔ تم نہ لکھو۔ چاہیئے کہ وہ نہ پڑھے۔ چاہیئے کہ میں نہ تعریف کیا جاؤں تو نہ لا۔ چاہیئے کہ ہم نہ کہیں۔

سبق (۱۵) مشتق کا بیان

مشتق وہ اسم ہے جو دوسرے لفظ سے بنا ہو۔ اسم مشتق کی چھ قسمیں ہیں۔

اسم فاعل[۱]، اسم مفعول[۲]، اسم تفضیل[۳]، اسم ظرف[۴]، اسم آلہ[۵]، حاصل مصدر[۶]۔

سبق (۱۶) اسم فاعل کا بیان

اسم فاعل وہ اسم ہے جو ایسی ذات کو بتائے جس سے فعل ظاہر ہوا ہو۔

امر کے آخر میں زیر دے کر ندہ بڑھا کر اسم فاعل بناتے ہیں۔ جیسے پرور سے پرورندہ۔ ؎۱

؎۱ :- اُردو میں مصدر کے آخری اَ کو ے سے بدل کر والا بڑھا کر اسم فاعل بناتے ہیں جیسے پالنا سے پالنے والا۔

فائدہ :- اسم فاعل کے صرف دو صیغے آتے ہیں۔ واحد، جمع۔
جمع کے لئے آخر میں ان زیادہ کرتے ہیں اور آخری حرف ہ ہو تو اُسے گ سے بدلتے ہیں۔ جیسے پرورندہ سے پرورندگان۔

گردان اسم فاعل

صیغہ	واحد	جمع
فارسی	پرورندہ	پرورندگان
اُردو	پلنے والا	پلنے والے

سوالات

(١) اسم فاعل بنانے کا کیا قاعدہ ہے۔
(٢) تاب سے اسم فاعل کی گردان کرو۔
(٣) پلنے والا۔ اس کی فارسی بناؤ
(٤) فروش سے اسم فاعل جمع کا صیغہ بتاؤ۔
(٥) پرورندگان۔ اس کا ترجمہ کرو۔
(٦) خموش سے اسم فاعل کے صیغے بناؤ۔
(٧) جوئندگان کیا صیغہ ہے۔
(٨) آورندہ کا ترجمہ کرو۔

اسم مفعول کا بیان

اسم مفعول وہ ہے جو ایسی ذات کو بتائے جس پر فعل واقع ہوا ہو۔ مصدر کے آخری نون کو ہ سے بدل کر اسم مفعول بناتے ہیں۔ جیسے پروردن سے پروردہ [1]

[1] :- اُردو میں ماضی مطلق کے آخر میں ہوا زیادہ کرکے اسم مفعول بناتے ہیں۔ جیسے پالا سے پالا ہوا۔

گردان اسم مفعول

صیغہ	واحد	جمع
فارسی	پروردہ	پروردگان
اُردو	پالا ہوا	پالے ہوئے

اسم تفضیل کا بیان

اسم تفضیل وہ ہے جو کسی کام کرنے والے کی بڑائی ظاہر کرے۔
اسم فاعل کے آخر میں تر زیادہ کرکے اسم تفضیل بناتے ہیں۔ جیسے پرورندہ سے پرورندہ تر۔ [1]

گردان اسم تفضیل

صیغہ	واحد	جمع
فارسی	پرورندہ تر	پرورندگان تر
اُردو	زیادہ پلنے والا	زیادہ پلنے والے

سوالات

(١) اسم تفضیل کی تعریف کرو۔
(٢) اسم تفضیل کیسے بناتے ہیں
(٣) نویسندہ سے اسم تفضیل کی گردان کرو۔
(٤) بخشندہ تر کا ترجمہ کرو۔

[1] :- اُردو میں اسم فاعل سے پہلے زیادہ لگا کر اسم تفضیل بناتے ہیں۔ جیسے پالنے والا سے زیادہ پلنے والا۔

(۵) آوردگان تم کیا صیغہ ہے۔ (۷) نوشندہ تم کا ترجمہ کرو۔

(۶) زیادہ ڈھونڈھنے والا۔ اسکی فارسی بناؤ۔ (۸) زیادہ کھانے والے۔ اِسکی فارسی بناؤ۔

اسم ظرف کا بیان

اسم ظرف وہ ہے جو کسی کام کی جگہ یا وقت کو بتائے۔

بنانے کا طریقہ: مصدر سے پہلے لفظِ وقت یا جائے لگا دیا جائے جیسے وقتِ خواندن اور جائے درخشیدن۔

کبھی حاصل مصدر کے آخر میں گاہ بڑھا کر اسم ظرف بناتے ہیں۔ جیسے آرام سے آرامگاہ (آرام کی جگہ یا وقت)

کبھی اَمر سے پہلے کسی اسم کو ملا دیتے ہیں۔ جیسے زرخیز (سونا پیدا ہونے کی جگہ)

اسم آلہ کا بیان

اسم آلہ وہ ہے جس سے کسی کام کا اوزار سمجھا جائے۔

بنانے کا طریقہ: مصدر سے پہلے لفظ آلہ لگا دیا جائے جیسے آلہ شنیدن۔

کبھی امر کے پہلے کسی اسم کو زیادہ کر کے اسم آلہ بناتے ہیں۔ جیسے زرکوب (سونا کوٹنے کا آلہ)

حاصل مصدر کا بیان

حاصل مصدر وہ ہے جو مصدر کا نتیجہ بتائے جیسے پروردن سے پرورش (پالائی) اس کے بنانے کا بھی کوئی خاص قاعدہ مقرر نہیں۔ لہٰذا ہر مصدر کے ساتھ اُسے لکھ دیا جائے گا۔

مصادر

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
آختن	تلوار کھینچنا	.	.	.	.	آختہ	.	.
آراستن	سنوارنا	آرایَد	بیارائے	آرائندہ	جہاں آرا	آراستہ	آرائش	.
آرامیدن	آرام کرنا آرام دینا	آرامد	بیارام	آرامندہ	دل آرام	آرامیدہ	آرائش کا آرام آرش	.
آرمیدن	آرام کرنا	.	.	.	.	آرمیدہ	.	.
آروغیدن	ڈکار لینا	آروغد	بیاروغ	آروغندہ	.	.	آروغ	.
آزمودن	آزمانا	آزمایَد	بیازمائے	آزمائندہ	کارآزما	آزمودہ	آزمائش	.
آسودن	آرام کرنا	آسایَد	بیاسائے	آسایندہ	.	آسودہ	آسودگی	.
آشامیدن	پینا	آشامد	بیاشام	آشامندہ	دردآشام	آشامیدہ	آشام	.
آشفتن	پریشان کرنا	آشوبد	بیاشوب	آشوبندہ	شہرآشوب	آشفتہ	آشوب	.
آغازیدن	شروع کرنا	آغازد	بیاغاز	آغازندہ	.	آغازیدہ	آغاز	.
آغشتن	آلودہ ہونا	.	.	.	.	آغشتہ	.	.
آفریدن	پیدا کرنا	آفرینَد	بیافرین	آفرینندہ	جہاں آفرین	آفریدہ	آفرینش	.

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
آگاهیدن	خبردار کرنا	آگاهد	بیاگاه	.	خدا آگاه	.	آگاهی	.
آگندن	بھرنا	آگند	آگن	.	.	آگنده	.	.
آلائیدن	آلوده ہونا آلوده کرنا	آلاید	بیالائے	آلاینده	.	آلائیده	آلائش	.
آزردن	آزرده ہونا	آزارد	بیازار	آزارنده	دل آزار	آزرده	آزار آزردگی	.
آزاردن	ستانا	آزارد	بیازار	آزارنده	مردم آزار	آزاریده	آزار	.
آلودن	آلوده ہونا	.	.	.	.	آلوده	آلودگی	.
آماسیدن	سوجنا	آماسد	.	آماسنده	.	آماسیده	آماس	.
آمرزیدن	بخشنا	آمرزد	بیامرز	آمرزنده	آموزگاه	آمرزیده	آمرزش	آمرزانیدن
آموختن	سیکھنا سکھانا	آموزد	بیاموز	آموزنده	ادب آموز آموزگار	آموخته	آموزش	.
آمودن	بھرنا سنوارنا	.	.	.	.	آموده	.	.
آمیختن	ملنا ملانا	آمیزد	بیامیز	آمیزنده	مصلحت آمیز مردم آمیز	آمیخته	آمیزش	.
آهیختن	تلوار کھینچنا	.		.	.	آهیخته	.	.
آویختن	لٹکنا لٹکانا	آویزد	بیاویز	آویزنده	دل آویز	آویخته	آویزش	آویزانیدن
ارزیدن	قیمت پانا	ارزد	بیرز	ارزنده	کم ارز	ارزیده	ارزش	.
استادن ایستادن	کھڑا ہونا	استد	بایست	.	.	استاده	استادگی	.
ستردن	صاف کرنا مونڈنا	.	.	استرنده	استره	استرده	.	.

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
افتادن اوفتادن	گر پڑنا	افتد	بیفت	.	افتان	افتاده	افتاد	.
افراختن	بلند کرنا	افرازد	بیفراز	افرازنده	سرفراز	افراخته	.	.
افراشتن	بلند کرنا	.	.	.	.	افراشته	.	.
افروختن	روشن کرنا	افروزد	بیفروز	افروزنده	عالم افروز	افروخته	.	افروزانیدن
افزودن	بڑھنا بڑھانا	افزاید	بیفزائے	افزاینده	روز افزا نور افزا	افزوده	افزایش افزود	.
افشاندن	جھاڑنا چھڑکنا	افشاند	بیفشاں	افشاننده	فلک افشاں	افشانده	افشاں	.
آوردن	لانا	آورد	بیار	آرنده	.	آورده	.	.
افسردن	ٹھٹھرنا	افسرد	.	.	.	افسرده	.	.
افشردن	نچوڑنا	افشارد	بیفشار	افشارنده	.	افشرده	افشار	افشرانیدن
افگندن	ڈالنا	افگند	بیفگن	افگنده	شیر افگن	افگنده	افگندگی	.
انباردن	ڈھیر کرنا پاٹنا	انبارد	بینبار	انبارنده	.	انبارده	.	.
انبودن	ایک دوسرے پر چننا	.	.	.	.	انبوده	.	.
انباشتن	پاٹنا ڈھیر کرنا	.	.	.	.	انباشته	.	.
انجامیدن	تمام ہونا	انجامد	.	انجامنده	.	انجامیده	انجام	.
انداختن	ڈالنا	اندازد	بینداز	اندازنده	تیر انداز	انداخته	انداز اندازه	.
اندوختن	جمع کرنا	اندوزد	بیندوز	اندوزنده	غم اندوز	اندوخته	.	اندوزانیدن

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
اندودن	ملمع کرنا لیپنا	انداید	بیندائے	اندایندہ	گل اندائے	اندودہ	.	.
اندیشیدن	سوچنا	اندیشد	بیندیش	اندیشندہ	دور اندیش	اندیشیدہ	اندیشہ	.
انگاردن	معلوم کرنا	انگارد	بینگار	انگارندہ	.	انگاردہ	.	.
انگاشتن	معلوم کرنا	.	:	.	.	انگاشتہ	.	.
انگیختن	اٹھانا	انگیزد	بینگیز	انگیزندہ	فتنہ انگیز	انگیختہ	انگیزش انگیز	انگیزانیدن
				ب				
باختن	کھیلنا ہارنا	بازد	بباز	بازندہ	قمار باز	باختہ	باخت	.
باریدن	برسنا برساتا	بارد	ببار	بارندہ	اشکبار	باریدہ	بارش	.
بافتن	بُننا	بافد	بباف	بافندہ	نورباف	بافتہ	بافت	.
بالیدن	آزاد ہونا جسم کا بڑھنا	بالد	ببال	بالندہ	.	بالیدہ	بالیدگی بالش	.
بایستن	چاہئے ہونا ضروری ہونا	باید	.	.	.	بایستہ	.	.
بخشودن	بخشنا	بخشاید	ببخشائے	بخشایندہ	.	بخشودہ	بخشائش	.
بخشیدن	بخشنا	بخشد	ببخش	بخشندہ	خطابخش	بخشیدہ	بخشش	.
برآمدن	باہر نکلنا بلند ہونا	برآید	برآئے	برآئندہ	.	برآمدہ	برآمد	.
برآوردن	باہر لانا	برآورد	برآور	برآورندہ	.	برآوردہ	.	.
برداشتن	اُٹھانا	بردارد	بردار	بردارندہ	علم بردار	برداشتہ	.	.

مصدر	معنی مصدر	مضارع	اَمر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
بردن	لے جانا	برد	ببر	برندہ	نامہ بر	بردہ	:	.
برشتن	بھوننا	.	.	.	.	برشتہ	برشت	بریانیدن
برگشتن	پھرنا	برگردد	برگرد	.	.	برگشتہ	برگشتگی	.
بریدن	کاٹنا	برد	ببر	برندہ	کیسہ بر	بریدہ	برش	.
بستن	باندھنا	بندد	ببند	بندندہ	شکستہ بند	بستہ	بند و بست بندش	.
بودن	ہونا۔ رہنا	باشد	بباش	باشندہ	خوشباش	بودہ	بود	.
بوسیدن	چومنا بوسیدہ ہونا	بوسد	ببوس	بوسندہ	زمین بوس	بوسیدہ	بوسہ بوسیدگی	.
بیختن	چھاننا	بیزد	ببیز	بیزندہ	غلہ بیز	بیختہ	.	بیزانیدن
بوئیدن	بو دینا سونگھنا	بوید	ببوئے	بویندہ	بویا	بوئیدہ	.	بویانیدن
				پ				
پاریدن	ٹکڑے ٹکڑے ہونا پرانا ہونا	.	.	.	.	پاریدہ	.	.
پاشیدن	بکھیرنا چھڑکنا	پاشد	بپاش	پاشندہ	گہرپاش	پاشیدہ	.	.
پالودن	صاف کرنا	پالاید	بپالائے	پالائندہ	.	پالودہ	پالائش	.
پائیدن	ٹھہرنا	پاید	بپائے	پایندہ	دیرپائے	پائیدہ	پائیدگی	.
پختن	پکانا	پزد	بپز	پزندہ	.	پختہ	پزش	پزانیدن
پذیرفتن	قبول کرنا	پذیرد	بپذیر	پذیرندہ	پوزش پذیر	پذیرفتہ	پذیرائی	.

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
پرداختن	خالی کرنا مشغول ہونا	پردازد	بپرداز	پردازندہ	چہرہ پرداز	پرداختہ	پرداخت	.
پرستیدن	پوجنا	پرستد	بپرست	پرستندہ	بت پرست پرستار	پرستیدہ	پرستش	.
پرسیدن	پوچھنا	پرسد	بپرس	پرسندہ	پرساں	پرسیدہ	پرسش	.
پروردن	پالنا	پرورد	بپرور	پرورندہ	پروردگار غریب پرور	پروردہ	پرورش	پرورانیدن
پرہیزدن	پرہیز کرنا	پرہیزد	بپرہیز	پرہیزندہ	پرہیزگار	پرہیزیدہ	.	پرہیزانیدن
پریدن	اُڑنا	پرد	بپر	پرندہ	پراں	پریدہ	پرواز	پرانیدن
پژمردن	کمھلانا	.	.	.	.	پژمردہ	.	.
پُریدن	بھرنا	پُرد	بپُر	پرندہ	.	پریدہ	.	.
پژوہیدن	فکر کرنا	پژوہد	بپژوہ	پژوہندہ	حق پژوہ	پژوہیدہ	پژوہش	.
پسندیدن	پسند کرنا	پسندد	بپسند	پسندندہ	مشکل پسند	پسندیدہ	پسندیدگی	.
پنداشتن	معلوم کرنا	پندارد	بپندار	پندارندہ	.	پنداشتہ	پندار	.
پوشیدن	پہننا چھپانا	پوشد	بپوش	پوشندہ	خطاپوش	پوشیدہ	پوشش	پوشانیدن
پوئیدن	دوڑنا	پوید	بپوئے	پوئندہ	پویاں	پوئیدہ	پویا	پویانیدن
پیچیدن	لپٹنا لپیٹنا	پیچد	بپیچ	پیچندہ	سرپیچ	پیچیدہ	پیچ پیچش	پیچانیدن
پیراستن	چھانٹنا	پیراید	بپیرائے	پیرائندہ	باغ پیرا	پیراستہ	پیرائش	.
پیمودن	ناپنا	پیماید	بپیمائے	پیمائندہ	بادیہ پیما	پیمودہ	پیمائش	.

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
پیوستن	ملنا	پیوندد	بپیوند	.	.	پیوستہ	پیوند	.
				ت				
تاختن	دوڑنا دوڑانا	تازد	بتاز	تازندہ	یکہ تاز	تاختہ	تازش ترکتاز	.
تافتن	چمکنا چمکانا	تابد	بتاب	تابندہ	تاباں عالمتاب	تافتہ	تابش تاب	.
تپیدن	تڑپنا	تپد	بتپ	تپندہ	تپاں	تپیدہ	تپش	تپانیدن
تراشیدن	چھیلنا کاٹنا	تراشد	بتراش	تراشندہ	تراشاں	تراشیدہ	تراش	تراشانیدن
ترادیدن	ٹپکنا	ترادد	.	ترادندہ	.	ترادیدہ	ترادش	.
ترسیدن	ڈرنا	ترسد	بترس	ترسندہ	ترساں	ترسیدہ	ترس	ترسانیدن
ترکیدن	شق ہونا	ترکد	.	ترکندہ	.	ترکیدہ	.	.
تفتن	گرم ہونا	.	.	.	.	تفتہ	.	.
تفسیدن	گرم ہونا	تفسد	بتفس	تفسندہ	تفساں	تفسیدہ	.	.
تنیدن	تننا	تند	بتن	تنندہ	.	تنیدہ	.	.
توانستن	سکنا	تواند	.	توانندہ	توانا	.	توانائی توان	.
				ج				
جَستن	کُودنا	جہد	بجہ	جہندہ	جہاں	جستہ	جست	جہانیدن
جُستن	ڈھونڈھنا	جوید	بجو	جوئندہ	جویاں	جستہ	جستجو جویائی	جویانیدن

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
جنبیدن	ہلنا	جنبد	بجنب	جنبندہ	جنباں	جنبیدہ	جنبش	جنبانیدن
جوشیدن	اُبلنا	جوشد	بجوش	جوشندہ	جوشاں	جوشیدہ	جوشش جوش	جوشانیدن

چ

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
چربیدن	غالب ہونا	چربد	بچرب	چربندہ	.	چربیدہ	.	.
چریدن	چرنا	چرد	بچر	چرندہ	.	چریدہ	چراں	چرانیدن
چسپیدن	لپٹنا	چسپد	بچسپ	چسپندہ	دلچسپ	چسپیدہ	چسپیدگی	چسپانیدن
چشیدن	چکھنا	چشد	بچش	چشندہ	نمک چش	چشیدہ	چاشنی	چشانیدن
چکیدن	ٹپکنا	چکد	بچک	چکندہ	خونچکاں	چکیدہ	چکش	چکانیدن
چمیدن	لچکنا	چمد	بچم	چمندہ	چماں	چمیدہ	چمش	چمانیدن
چیدن	چُننا	چیند	بچیں	چینندہ	خوشہ چیں	چیدہ	.	.

خ

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
خاریدن	کھجلانا	خارد	بخار	خارندہ	پشت خار	خاریدہ	خارش	.
خاستن	اُٹھنا	خیزد	بخیز	خیزندہ	سحر خیز	خاستہ	.	.
خائیدن	چبانا	خاید	بخائے	خائندہ	ژاژ خوار	خائیدہ	.	.
خراشیدن	چھیلنا	خراشد	بخراش	خراشندہ	شمع خراش	خراشیدہ	خراش	.
خرامیدن	اکڑ کر چلنا	خرامد	بخرام	خرامندہ	خوشخرام	خرامیدہ	خرام	.

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
خروشیدن	شور کرنا	خروشد	بخروش	خروشندہ	خروشاں	خروشیدہ	خروش	خروشانیدن
خریدن	مول لینا	خرد	بخر	خرندہ	ارزاں خر خریدار	خریدہ	خرید	.
خزیدن	گھسنا	خزد	بخز	خزندہ	خزاں	خزیدہ	.	.
خستن	زخمی ہونا	.	.	.	.	خستہ	خستگی	.
خفتن	سونا	خسپد	بخسپ	خسپندہ	.	خفتہ	خفت	خسپانیدن
خلیدن	چُبھنا	خلد	.	خلندہ	.	خلیدہ	خلش	خلانیدن
خموشیدن	چُپ رہنا	خموشد	بخموش	خموشندہ	خاموش	خموشیدہ	خاموشی	خموشانیدن
خمیدن	ٹیڑھا ہونا	خمد	بخم	خمندہ	.	خمیدہ	خم خمیدگی	خمانیدن
خنبیدن	تالی بجانا	خنبد	بخنب	خنبندہ	.	خنبیدہ	.	.
خندیدن	ہنسنا	خندد	بخند	خندندہ	خنداں	خندیدہ	خندہ	خندانیدن
خوابیدن	سونا	خوابد	بخواب	خوابندہ	.	خوابیدہ	خواب	خوابانیدن
خواستن	چاہنا	خواہد	بخواہ	خواہندہ	خیر خواہی خواہاں	خواستہ	خواہش	.
خواندن	پڑھنا، بلانا	خواند	بخواں	خوانندہ	قرآن خواں	خواندہ	.	.
خوردن	کھانا	خورد	بخور	خورندہ	خونخوار	خوردہ	خورش	خورانیدن
خوشیدن	سوکھنا	خوشد	بخوش	خوشندہ	.	خوشیدہ	.	.
خیسیدن	تر ہونا	خیسد	بخیس	خیسندہ	.	خیسیدہ	.	خیسانیدن

د

مصدر	معنی مصدر	مضارع	اَمر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
دادن	دینا	دہد	بدہ	دہندہ	نان دہ	دادہ	دہش داد	دہانیدن
داشتن	رکھنا	دارد	بدار	دارندہ	مالدار	داشتہ	داشت	۔
دانستن	جاننا	داند	بداں	دانندہ	حسابداں	دانستہ	دانش دانائی	۔
درفشیدن	کانپنا چمکنا	درفشد	بدرفش	درفشندہ	۔	درفشیدہ	۔	درفشانیدن
درودن	کاٹنا	درود	بدرد	درودندہ	۔	دردہ	درود	۔
دریدن	پھاڑنا	درد	بدر	درندہ	مردم در	دریدہ	۔	درانیدن
دزدیدن	چرانا	دزدد	بدزد	دزدندہ	شب دزد	دزدیدہ	دزدی	۔
دمیدن	اُگنا طلوع ہونا	دمد	بدم	دمندہ	دماں	دمیدہ	دم	دمانیدن
دوختن	سینا	دوزد	بدوز	دوزندہ	خیمہ دوز	دوختہ	دوختگی	دوزانیدن
دوشیدن	دوہنا	دوشد	بدوش	دوشندہ	۔	دوشیدہ	۔	دوشانیدن
دویدن	دوڑنا	دود	بدو	دوندہ	دواں	دویدہ	دوید	۔
دیدن	دیکھنا	بیند	ببیں	بینندہ	حق بیں بینا	دیدہ	دید	۔
درخشیدن	چمکنا	درخشد	بدرخش	درخشندہ	درخشاں	درخشندہ	درخش	درخشانیدن
ر								
راندن	چلانا ہانکنا	راند	براں	رانندہ	حکمراں	راندہ	۔	۔

مصدر	معنی مصدر	مضارع	اَمر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
ربودن	لے جانا	رباید	بربا	ربائندہ	دلربا	ربودہ	ربودگی	۔
رخشیدن	چمکنا	رخشد	برخش	رخشندہ	رخشاں	رخشیدہ	۔	رخشانیدن
رزیدن	رنگنا	رزد	برز	رزندہ	رنگریز	رزیدہ	۔	۔
رَستن	چھوٹنا	۔	۔	۔	۔	رستہ	رستگاری	۔
رُستن	اُگنا	۔	۔	۔	۔	رستہ	۔	۔
رسیدن	پہنچنا	رسد	برس	رسندہ	فریادرس	رسیدہ	رسائی	رسانیدن
رشتن	کاتنا، اُگنا	۔	۔	۔	۔	رشتہ	۔	۔
رَفتن	چلنا، جانا	رود	برو	روندہ	رواں گرم رو	رفتہ	روش، رفتار	۔
رُفتن	بہارنا	روبد	بروب	روبندہ	روباں خاکروب	رفتہ	رفت	روبانیدن
رقصیدن	ناچنا	رقصد	برقص	رقصندہ	رقصاں	:	رقص	رقصانیدن
رمیدن	بھاگنا	رمد	برم	رمندہ	رماں	رمیدہ	رم	رمانیدن
رنجیدن	آزردہ ہونا	رنجد	برنج	رنجندہ	زودرنج رنجاں	رنجیدہ	رنجش	رنجانیدن
رہیدن	چھوٹنا	رہد	برہ	رہندہ	رہا	رہیدہ	رہائی	رہانیدن
ریختن	چھڑکانا	ریزد	بریز	ریزندہ	حرف ریز	ریختہ	ریزش	۔
روئیدن	اُگنا	روید	۔	روئندہ	خودرو	روئیدہ	روئیدگی	رویانیدن
ریدن	ہگنا	رید	بری	۔	۔	۔	۔	۔

مصدر	معنی مصدر	مضارع	اُمر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
ریسیدن	کاتنا	ریسید	بریس	ریسند	.	ریسیده	.	.
راندن	ہانکنا چلانا	راند	بران	راننده	حکمراں	رانده	.	.
ز								
زادن	جَننا	.	.	.	آدم زاد	زاده	.	.
زاریدن	رونا	زارد	بزار	زارنده	.	زاریده	زاری	.
زائیدن	جننا	زاید	بزائے	زائنده	حادثہ زائے	زائیده	زائیدگی	.
زدن	مارنا	زند	بزن	زننده	شمشیرزن	زده	زنش	.
زدودن	صیقل کرنا	زداید	بزدائے	زداینده	غم زده	زدوده	زدائش	.
زیستن	جینا	زید	بزی	زینده	.	.	زیست	.
ژ								
ژولیدن	اُلجھنا	ژولد	.	.	.	ژولیده	.	.
س								
ساختن	بنانا موافق کرنا	سازد	بساز	سازنده	زره ساز	ساخته	ساخت سازش	.
سائیدن	پیسنا	ساید	بسائے	سائنده	سرمہ سا	سائیده	.	.
سپردن	سونپنا	سپارد	بسپار	سپارنده	جانسپار	سپرده	سپارش	.
سپوختن	نکالن چبھونا	.	.	.	.	سپوچنا	.	.

مصدر	معنی مصدر	مضارع	اُمر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
سپوزیدن	نکالنا	سپوزد	بسپوز	سپوزنده	.	سپوزیده	.	.
ستاندن	لینا	ستاند	بستاں	ستاننده	کشورستاں	ستانده	ستانید	.
ستائیدن	سراہنا	ستاید	بستائے	ستائینده	خودستاں	ستائیده	ستائش	.
ستدن	لینا	ستاند	بستاں	ستاننده	.	ستده	ستد	.
ستردن	منڈانا مونڈنا	سترد	.	سترنده	استره	سترده	.	.
ستودن	تعریف کرنا	.	.	.	.	ستوده	.	.
ستیزدن	لڑنا	ستیزد	بستیز	ستیزنده	ستیزاں	ستیزیده	ستیزه	ستیزانیدن
سرائیدن	گانا	سراید	بسرائے	سرائنده	نغمہ سرا	سرائیده	.	.
سرشتن	گوندھنا	.	.	.	.	سرشته	سرشت	.
سزیدن	لائق ہونا	سزد	.	سزنده	سزاوار	.	سزا	.
سُفتن	بیندھنا پرونا	.	.	.	.	سفته	.	.
سگالیدن	اندیشہ کرنا	سگالد	بسگال	سگالنده	خیرسگال	سگالیده	سگال	.
سوختن	جلنا۔ جلانا روشن کرنا	سوزد	بسوز	سوزنده	سوزاں دلسوز	سوخته	.	سوزانیدن
سودن	گھسنا	.	.	.	.	سوده	.	.
سنجیدن	تولنا	سنجد	بسنج	سنجنده	گہرسنج	سنجیده	.	سنجانیدن

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
ش								
شاشیدن	پیشاب کرنا	شاشد	.	شاشندہ	.	شاشیدہ	.	.
شایستن	لائق ہونا	شاید	.	.	شایاں	شایستہ	.	.
شپلیدن	سیٹی بجانا	شپلد	.	شپلندہ	.	شپلیدہ	.	شپلانیدن
شتافتن	دوڑنا	شتابد	بشتاب	شتابندہ	ستاباں	شتافتہ	شتاب	.
شدن	ہونا جانا	شود	بشو	شوندہ	.	شدہ	.	.
شستن	دھونا	شوید	بشو	شویندہ	پارچہ شو	شستہ	خست شو	.
شکستن	ٹوٹنا توڑنا	شکند	بشکن	شکنندہ	بت شکن	شکستہ	شکن	.
شکیبیدن	صبر کرنا	شکیبد	شکیب	شکیبندہ	.	شکیبیدہ	شکیبائی شکیبیدگی	.
شکوخیدن	ٹھوکر مارنا ٹھوکر کھانا	شکوخد	بشکوخ	شکوخندہ	.	شکوخیدہ	شکوخ	شکوخانیدن
شگافتن	چیرنا	شگافد	بشگاف	شگافندہ	خاراشگاف	شگافتہ	شگاف	.
شگفتن	کھلنا	شگفد	.	.	.	شگفتہ	شگفت	.
شمردن	گننا	شمارد	بشمار	شمارندہ	اختر شمار	شمردہ	شمار	.
شناختن	پہچاننا	شناسد	بشناس	شناسندہ	شناسا حق شناس	شناختہ	شناخت شناسائی	.
شنفتن	سننا	.	.	.	.	شنفتہ	.	.
شنیدن	سننا سونگھنا	شنود	بشنو	شنوندہ	سخن شنو	شنیدہ	شنوائی	.

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
شوریدن	شور کرنا برہم ہونا	شورد	.	شورندہ	سلحشور	شوریدہ	شورش	شورانیدن
شنودن	سننا	.	.	.	.	شنودہ	شنوائی	.
ط								
طپیدن	بیقرار ہونا	طپد	بطپ	طپندہ	طپاں	طپیدہ	طپش	طپانیدن
طرازیدن	نقش کرنا	طرازد	بطراز	طرازندہ	صورت طراز	طرازیدہ	طراز	.
طلبیدن	بلانا۔چاہنا	طلبد	بطلب	طلبندہ	طلبگار	طلبیدہ	طلب	.
غ								
غارتیدن	لوٹنا	غارتد	.	.	.	غارتیدہ	غارت	.
غنودن	اونگھنا	.	.	.	.	غنودہ	غنودگی	.
غلطیدن	لوٹنا لیٹنا	غلطد	بغلط	غلطندہ	غلطاں	غلطیدہ	.	غلطانیدن
ف								
فتادن	گر پڑنا	فتد	.	.		فتادہ	.	.
فرستادن	بھیجنا	فرستد	بفرست	فرستندہ	.	فرستادہ		.
فرسودن	گھسنا	فرساید	بفرسائے	فرسایندہ	جانفرسا	فرسودہ	فرسودگی	.
فرمودن	فرمانا	فرماید	بفرمائے	فرمایندہ	کار فرما	فرمودہ	فرمائش	.
فروختن	بیچنا	فروشد	بفروش	فروشندہ	جلوہ فروش	فروختہ	فروخت فروش	فروشانیدن

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
فریفتن	فریفتہ ہونا، فریب دینا	فریبد	بفریب	فریبندہ	دلفریب	فریفتہ	فریب	.
فزودن	زیادہ ہونا	فزاید	بفزائے	فزایندہ	.	فزودہ	فزائش	.
فسردن	ٹھٹھرنا	.	.	.	.	فسردہ	.	.
فشاندن	جھاڑنا	فشاند	بفشاں	فشانندہ	درفشاں	فشاندہ	.	.
فشردن	نچوڑ	فشرد	بیفشر	فشرندہ	.	فشردہ	فشار	فشارانیدن
فگندن	ڈال	فگند	بفگن	فگندہ	سایہ فگن	فگندہ	.	.
فہمیدن	سمجھنا	فہمد	بفہم	فہمندہ	سخن فہم	فہمیدہ	فہم	فہمانیدن
ک								
کاستن	گھٹنا۔ گھٹانا	.	.	.	.	کاستہ	.	.
کاشتن	بونا	کارد	بکار	کارندہ	تخم کار	کاشتہ	کاشت	.
کافتن	کھودنا	کافد	بکاف	.	.	کافتہ	.	.
کاویدن	کھودنا	کاود	بکاو	کاوندہ	.	کاویدہ	کاوش	.
کاہیدن	گھٹنا گھٹانا	کاہد	بکاہ	کاہندہ	جانکاہ	کاہیدہ	کاہش	.
کردن	کرنا	کند	بکن	کنندہ	نصیحت کن	کردہ	کار	کنانیدن
کشادن	کھولنا	کشاید	بکشائے	کشایندہ	مشکل کشا	کشادہ	کشائش	.
کشتن	مار ڈالنا	کشد	بکش	کشندہ	دشمن کش	کشتہ	.	.

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
کشودن	کھلنا	.	.	.	.	کشودہ	کشودگی	.
کشیدن	کھینچنا	کشد	بکش	کشندہ	گردن کش، دامن کشاں	کشیدہ	کشش	.
کفیدن	پھٹنا	.	.	.	.	کفیدہ	.	.
کندن	کھودنا	کند	بکن	کنند	.	کندہ	.	.
کندیدن	کھودنا	کندد	بکند	.	.	کندیدہ	.	کندانیدن
کوشیدن	کوشش کرنا	کوشد	بکوش	کوشندہ	سخت کوش	کوشیدہ	.	.
کوفتن	کوٹنا	کوبد	بکوب	کوبندہ	کوباں، زرکوب	کوفتہ	کوفت	کوبانیدن
گ								
گداختن	پگھلنا، پگھلانا	گدازد	بگداز	گدازندہ	جانگداز	گداختہ	گداز	.
گذاشتن	چھوڑنا	گذارد	بگذار	گذارندہ	.	گذاشتہ	گذاشتہ	.
گزشتن	گزرنا	گزرد	بگزر	گزرندہ	.	گزشتہ	. .	گزرانیدن
گرفتن	پکڑنا۔ لینا	گیرد	بگیر	گیرندہ	دامن گیر	گرفتہ	گرفت	.
گرویدن	رغبت کرنا	گرود	بگرد	گروندہ	.	گرویدہ	گرویدگی	.
گزرانیدن	گزرانا، گوارہ کرنا	گزراند	بگزراں	گزرانندہ	.	گزرانیدہ	.	.
گرائیدن	خواہش کرنا	گراید	بگرائے	گرائندہ	.	گرائیدہ	گرائش	.
گردیدن	پھرنا۔ ہونا	گردد	بگرد	گروندہ	گرداں، کوچہ گرد	گردیدہ	گردش	گردانیدن

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
گریختن	بھاگنا	گریزد	بگریز	گریزندہ	گریزاں	گریختہ	گریز	.
گریستن	رونا	گرید	بگری	گریندہ	گریاں	گریستہ	گریہ	.
گزاردن	ادا کرنا	گزارد	بگزار	گزارندہ	نمازگزار	گزاردہ	گزارش	.
گزیدن	کاٹ کھانا	گزاید	بگزاے	گزندہ	لب گزاں	گزیدہ	گزیدگی	.
گساردن	چھوڑنا	گسارد	بگسار	گسارندہ	غمگسا	گساردہ	.	
گزیدن	چُن لینا	گزیند	بگزیں	گزینندہ	خلوت گزیں	گزیدہ	.	
گستردن	بچھانا	گسترد	بگستر	گسترندہ	کرم گستر	گستردہ	.	گسترانیدن
گسستن	توڑنا	.	.	.	.	گسستہ	.	
گسیختن	توڑنا۔ ٹوٹنا	گسلد	بگسل	گسلندہ	پیماں گسل	گسیختہ	.	.
گشتن	پھرنا۔ ہونا	.	.	.	.	گشتہ	گشت۔ گشتگی	
گفتن	کہنا	گوید	بگو	گویندہ	گویاں گویا	گفتہ	گویائی گفتار	
گماشتن	مقرر کرنا	گمارد	بگمار	گمارندہ	.	گماشتہ	.	
گنجیدن	سمانا	گنجد	بگنج	گنجندہ	.	گنجیدہ	گنجائش	
گواریدن	ہضم ہونا	گوارد	بگوار	گوارندہ	گوارہ	گواریدہ	گوارش	:
ل								
لائیدن	شور کرنا۔ بھونکنا۔ بکنا فضول	لاید	بلائے	لائندہ	.	لائیدہ	.	.

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
لافیدن	فضول بکنا	لافد	بلاف	لافندہ	.	.	لاف	.
لرزیدن	کانپنا	لرزد	بلرز	لرزندہ	لرزاں	لرزیدہ	لرزش	لرزانیدن
لغزیدن	پھسلنا	لغزد	بلغز	لغزندہ	لغزاں	لغزندہ	لغزش	لغزانیدن
لیسیدن	چاٹنا	لیسد	بلیس	لیسندہ	کاسہ لیس	لیسیدہ	.	لیسانیدن
م								
مالیدن	ملنا	مالد	بمال	مالندہ	پامال	مالیدہ	مالش	.
ماندن	رہنا	ماند	بمال	مانندہ	شادماں	ماندہ	ماندگی	.
مُردن	مرنا	میرد	بمیر	میرندہ	.	مردہ	.	.
مانستن	مشابہ ہونا	ماند	بمال	مانندہ	ماناں	مانستہ	مانائی	.
مکیدن	چوسنا	مکد	بمک	مکندہ	.	مکیدہ	.	مکانیدن
ن								
نازیدن	ناز کرنا	نازد	بناز	نازندہ	نازاں	نازیدہ	ناز	.
نالیدن	رونا	نالد	بنال	نالندہ	نالاں	نالیدہ	نالش	.
نامیدن	نام رکھنا	نامد	.	نامندہ	.	نامیدہ	.	.
نبشتن	لکھنا	.	.	.	.	نبشتہ	.	.
نشستن	بیٹھنا	نشیند	بنشیں	نشینندہ	خاک نشیں	نشستہ	.	نشانیدن

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
نکوہیدن	ملامت کرنا بدی کرنا	نکوہد	.	نکوہندہ	.	نکوہیدہ	نکوہش	.
نگاشتن	لکھنا	نگارد	بنگار	نگارندہ	صورت نگار	نگاشتہ	نگارش	.
نگریستن	دیکھنا	نگرد	بنگر	نگرندہ	نگراں	نگریستہ	نگرانی	نگرانیدن
نمودن	دیکھنا دکھانا	نماید	بنمائے	نمائندہ	رہنما نمایاں	نمودہ	نمائش نمود	.
نہفتن	چھپنا	.	.	.	.	نہفتہ	.	.
نیوشیدن	سننا	نیوشد	نیوشں	نیوشندہ	کن نیوش	نیوشیدہ	.	.
نواختن	بجانا نوازنا	نوازد	بنواز	نوازندہ	بندہ نواز	نواختہ	نوازش	.
نوردیدن	لپیٹنا	نوردد	بنورد	نوردندہ	راہ نورد	نوردیدہ	نورد	.
نوشتن	لکھنا	نویسد	بنویس	نویسندہ	خوشنویس	نوشتہ	نوشت	نویسانیدن
نوشیدن	پینا	نوشد	بنوش	نوشندہ	مئے نوش	نوشیدہ	نوش	نوشانیدن
نہادن	رکھنا	نہد	بنہ	نہندہ	منت نہ	نہادہ	.	.
و								
واخیدن	ڈھکنا	واخد	.	واخندہ	.	واخیدہ	.	.
ورزیدن	اختیار کرنا ورزش کرنا	ورزد	بورز	ورزندہ	ورزاں	ورزیدہ	ورزش	.
درغلانیدن	بہکانا	درغلاند	.	درغلانندہ	-	درغلانیدہ	.	.
وزیدن	ہوا کا چلنا	وزد	بوز	وزندہ	وزاں	وزیدہ	.	.

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
ہ								
ہراسیدن	ڈرنا	ہراسد	بہراس	ہراسندہ	ہراساں	ہراسیدہ	ہراس	ہراسانیدن
ہشتن	چھوڑنا	.	.	.	.	ہشتہ	.	.
ہلیدن	چھوڑنا	ہلد	بہل	ہلندہ	.	ہلیدہ	.	.
ی								
یارستن	سکنا طاقت رکھنا	یارد	.	.	.	یارستہ	یارائے	.
یافتن	پانا	یابد	بیاب	یابندہ	کامیاب	یافتہ	.	.

سبق (۷)

گنتی

یک ۱ - دو ۲ - سہ ۳ - چہار ۴ - پنج ۵ - شش ۶ - ہفت ۷ - ہشت ۸ - نہ ۹ - دہ ۱۰ - یازدہ ۱۱ - دوازدہ ۱۲ - سیزدہ ۱۳ - چہاردہ ۱۴
پانزدہ ۱۵ - شانزدہ ۱۶ - ہفدہ ۱۷ - ہژدہ ۱۸ - نوزدہ ۱۹ - بست ۲۰ - بست ویک ۲۱ - بست ودو ۲۲ - بست وسہ ۲۳ - بست
وچہار ۲۴ - بست وپنج ۲۵ - بست وشش ۲۶ - بست وہفت ۲۷ - بست وہشت ۲۸ - بست ونہ ۲۹ - سی ۳۰ -
سی ویک ۳۱ - سی ودو ۳۲ - سی وسہ ۳۳ - سی وچہار ۳۴ - سی وپنج ۳۵ - سی وشش ۳۶ - سی وہفت ۳۷ - سی وہشت ۳۸ -
سی ونہ ۳۹ - چہل ۴۰ - چہل ویک ۴۱ - چہل ودو ۴۲ - چہل وسہ ۴۳ - چہل وچہار ۴۴ - چہل وپنج ۴۵ - چہل وشش ۴۶ - چہل وہفت ۴۷

چہل و ہشت ۴۸ - چہل و نہ ۴۹ - پنجاہ ۵۰ - پنجاہ و یک ۵۱ - پنجاہ و دو ۵۲ - پنجاہ و سہ ۵۳ - پنجاہ و چہار ۵۴ - پنجاہ و پنج ۵۵ - پنجاہ و شش ۵۶ - پنجاہ و ہفت ۵۷ - پنجاہ و ہشت ۵۸ - پنجاہ و نہ ۵۹ - شصت ۶۰ - شصت و یک ۶۱ - شصت و دو ۶۲ - شصت و سہ ۶۳ - شصت و چہار ۶۴ - شصت و پنج ۶۵ - شصت و شش ۶۶ - شصت و ہفت ۶۷ - شصت و ہشت ۶۸ - شصت و نہ ۶۹ - ہفتاد ۷۰ - ہفتاد و یک ۷۱ - ہفتاد و دو ۷۲ - ہفتاد و سہ ۷۳ - ہفتاد و چہار ۷۴ - ہفتاد و پنج ۷۵ - ہفتاد و شش ۷۶ - ہفتاد و ہفت ۷۷ - ہفتاد و ہشت ۷۸ - ہفتاد و نہ ۷۹ - ہشتاد ۸۰ - ہشتاد و یک ۸۱ - ہشتاد و دو ۸۲ - ہشتاد و سہ ۸۳ - ہشتاد و چہار ۸۴ - ہشتاد و پنج ۸۵ - ہشتاد و شش ۸۶ - ہشتاد و ہفت ۸۷ - ہشتاد و ہشت ۸۸ - ہشتاد و نہ ۸۹ - نود ۹۰ - نود و یک ۹۱ - نود و دو ۹۲ - نود و سہ ۹۳ - نود و چہار ۹۴ - نود و پنج ۹۵ - نود و شش ۹۶ - نود و ہفت ۹۷ - نود و ہشت ۹۸ - نود و نہ ۹۹ - صد ۱۰۰ -

سبق ( )

مہینے اور دِن

محرم - صفر - ربیع الاول - ربیع الثانی - جُمادی الاولیٰ - جُمادی الاُخریٰ - رجب - شعبان - رمضان - شوال - ذی قعدہ - ذی الحجہ ؛

دِن :- شنبہ - یک شنبہ - دو شنبہ - سہ شنبہ - چہار شنبہ - پنج شنبہ - جُمعہ ؛

مکتبہ قادریہ ۔ لاہور